فوری ریلیز کے لیے: 9/8/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے مقامی دہشت گردی کی روک تھام کے منصوبوں کی تیاری میں کاؤنٹیز کی مدد کے لیے رہنمائی جاری کرنے کا اعلان کیا

بفلو حملے کے تناظر میں، گورنر Hochul نے ایگزیکٹو آرڈر 18 جاری کیا جو ہر کاؤنٹی اور نیو یارک شہر سے مقامی دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے منصوبے تیار کرنا درکار کرتا ہے، جس میں نسل اور آبائیت کی بنیاد پر تشدد بھی شامل ہے

اجلاس مقامی سطح پر خطرے کی تشخیص کرنے اور اس سے نمٹنے والی ٹیمز بنانے پر مرکوز تھا

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک بھر کی کاؤنٹیز کے لیے مقامی دہشت گردی کی روک تھام کے منصوبوں، جن کی تیاری ایگزیکٹو آرڈر 18 کے تحت ہر کاؤنٹی اور نیو یارک شہر تیار کی ذمہ داری ہے، کی تیاری میں مدد کے لیے نئی رہنمائی جاری کرنے کا اعلان کیا۔ گورنر نے آج ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات اور اس کے دفتر برائے انسداد دہشت گردی کی میزبانی میں، اورسکنی میں ریاستی ہنگامی تیاری کے مرکز میں دو روزہ، خطرے کی تشخیص اور انتظام کاری کے اجلاس کے حصے کے طور پر ورچوئل تاثرات کے دوران مقامی دہشت گردی کی روک تھام کے منصوبے وضع کرنے کی اہمیت پر گفتگو کی۔

"اپنے آبائی شہر بفلو میں خوفناک ؛مقامی دہشت گردی کے حملے کے تناظر میں، میں نے نیو یارک کے باشندوں سے عہد کیا کہ ہم مقامی دہشت گردی کی لعنت کا مقابلہ کریں گے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیو یارک مقامی حکومتوں کو مقامی دہشت گردی اور ہدفی تشدد کے خطرے سے نمٹنے کے لیے درکار ٹولز فراہم کر رہا ہے، تاکہ ہم سانحات کو رونما ہونے سے پہلے ہی روک سکیں۔ میں نیو یارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنے کے لیے لڑنا کبھی نہیں چھوڑوں گی۔"

DHSES مقامی لوگوں کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے کہ وہ اپنے مقامی دہشت گردی کی روک تھام کے منصوبوں کے حصے کے طور پر خطرے کی تشخیص کی انتظام کاری (TAM) کی ٹیمیز تیار کریں۔ خطرے کی تشخیص کی انتظامی ٹیمز کو بنانے اور چلانے میں مدد کے لیے، کاؤنٹیز کو $10 ملین فراہم کیے جائیں گے۔ یہ ٹیمز قانون نافذ کرنے والے اداروں، دماغی صحت کے پیشہ ور افراد، اسکول کے اہلکاروں، اور دیگر اہم اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ہوں گی جنہیں ہدفی تشدد کے خطرے کی شناخت، تشخیص اور اس کو کم کرنے کا کام سونپا گیا ہے۔

ایگزیکٹو آرڈر 18، گورنر Hochul نے، مئی میں بفلو سپر مارکیٹ میں سفید فام بالادستی پسندانہ دہشت گردی کے براہ راست ردعمل میں جاری کیا تھا۔ ایگزیکٹیو آرڈر خاص طور پر مقامی دہشت گردی اور پرتشدد انتہا پسندی جو اکثر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز اور انٹرنیٹ فورمز سے متاثر ہوتی ہے، وہیں اس منصوبہ بندی کی جاتی ہے اور وہیں پر اس کو پوسٹ کیا جاتا ہے، میں پریشان کن اضافے سے لڑنے کے لیے مرتب کیا گیا ہے۔

جزوی طور پر، ایگزیکٹو آرڈر ان سے مطالبہ کرتا ہے:

1. DHSES سے کہ وہ اپنے دفتر برائے انسداد دہشت گردی کے اندر ایک نیا یونٹ قائم کرے گا جو مقامی دہشت گردی کی روک تھام کے لیے وقف ہو گا۔
2. ہر کاؤنٹی اور نیو یارک شہر سے کہ ان کو نسل یا آبائیت کی بنیادوں پر تشدد پسند انتہا پسندوں سمیت مقامی دہشت گردی کے خطرے سے نمٹنے کے لیے ایک منصوبہ تیار کرنا اور برقرار رکھنا چاہیے۔
3. ریاست نیو یارک کی پولیس اور ریاست نیو یارک انٹیلی جنس سینٹر (NYSIC) سے کہ وہ اپنے اندر ایک نیا یونٹ قائم کریں گے جو مقامی پُرتشدد انتہا پسندی کا سراغ لگانے کے لیے وقف ہو گا اور پُرتشدد انتہا پسندی کے آن لائن فروغ سے حاصل ہونے والی تفتیشی سراغوں کے لیے سوشل میڈیا کی نگرانی میں اضافہ کرے گا۔

دو روزہ اجلاس کے دوران، ریاستی انسداد دہشت گردی کے ماہرین کاؤنٹی کی مقامی دہشت گردی کی منصوبہ بندی اور TAM ٹیم کی تخلیق کی کوششوں کو آگے بڑھانے کے لیے، ریاستی اور وفاقی دونوں سطحوں پر، مقامی دہشت گردی کی روک تھام کے منصوبوں اور ریاستی گرانٹ فنڈنگ کے مواقع سے متعلق نئی جاری کردہ رہنمائی کا جائزہ لے رہے ہیں۔ رویے کے خطرے کی تشخیص میں مہارت کے حامل ایک مشیر TAM ٹیم کی ترقی پر تربیت بھی فراہم کریں گے۔

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "سفید فام بالادستی پسندی اور تعصب کی وجہ سے پیدا ہونے والی مقامی دہشت گردی اس وقت ہمیں درپیش دہشت گردی کا نمبر ایک خطرہ ہے۔ انسداد دہشت گردی کے دفتر میں ہماری ٹیم اس بات کو یقینی بنانے کے لئے چوبیس گھنٹے کام کر رہی ہے کہ نیو یارک بھر کی کاؤنٹیز کو، ہمارے سامنے موجود چیلنج سے نمٹنے کے لیے درکار سب کچھ دستیاب رہے۔ گورنر Hochul کی قیادت کی بدولت ہم اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر نیو یارک کو ہر ایک کے لیے محفوظ جگہ بنا رہے ہیں۔"

مقامی دہشت گردی کے حملوں میں حالیہ اضافہ پورے امریکہ میں عوامی تحفظ کے لیے سب سے زیادہ دباؤ والے خطرات میں سے ایک کی نمائندگی کرتا ہے۔ گزشتہ دہائی میں مقامی دہشت گردی کے حملوں اور سازشوں میں قومی سطح پر تین گنا اضافہ ہوا ہے۔ 2021 میں، امریکہ میں 73 دہشت گرد حملے اور ان کی سازشوں کا پتہ لگایا گیا، جن میں 38 سفید فام بالادستی پسند اور اسی طرح کے ہم خیال دہشت گرد حملے اور سازشیں شامل ہیں۔

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات کے بارے میں
ریاست نیو یارک کا ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات، آفات اور دیگر ہنگامی صورتحال کو روکنے، ان سے بچاؤ، تیاری کرنے، جواب دینے، ان سے بحال ہونے اور کم کرنے کے لیے قیادت، رابطہ کاری اور مدد فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، ہمیں فیس بک پر دیکھیں، ٹوئٹر یا انسٹاگرام پر فالو کریں یا ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418